© rasailojaraid.com



**خوشبو کا سفر (تذکرۂ شہادت' کمانڈر الاستاد لبیب عباد صدیقی)'** مؤلف: ابوطیب صدیقی۔

ناشر: اراکین صالحہ میموریل ویلفیئر ٹرسٹ رجسٹرڈ' شہید ہاؤس' ۵۶-سویٹ ہومز' گلستانِ جوہر' بلاک ۱۹' کراچی-۷۵۲۹۰۔ صفحات: ۲۶۲۔ قیمت: ۹۰ روپے۔

وہ نوجوان محمد بن قاسم کی سرزمین' سندھ کے ماتھے کا جھومر ہیں جنھوں نے تعلیمی زندگی کو خیرباد کہہ کر جہاد و شہادت کے راستے کو چنا اور آخرت کی لازوال نعمتوں کے حق دار ٹھیرے۔ ایک ایسے دور میں کہ جب منافقت ہی سب سے مقبول چلن بن چکا ہے' اور بڑے بڑے سپہ سالار ''ایک فون'' پر ادب سے گھٹنے ٹیک دیتے ہیں وہاں ایسے نوجوان قابلِ تحسین ہیں جو خوب صورت مستقبل کے حسین خوابوں کو فراموش کر کے تلواروں کے سائے میں دادِ شجاعت دینے کے لیے افغانستان اور کشمیر پہنچ جاتے ہیں اور اس طرح اُمت کو یہ پیغام دیتے ہیں کہ اس قوم کو عروج کے راستے سے کوئی نہیں روک سکتا۔

لبیب عباد شہید میرپور خاص میں پیدا ہوئے' کراچی میں زیر تعلیم رہے' ۱۹۸۸ء میں افغان جہاد میں شریک ہوئے اور ۲۷ اپریل ۱۹۹۲ء کو تپہ نادر شاہ میں دوستم ملیشیا سے لڑائی میں شہادت کے درجے پر فائز ہوئے۔

اس کتاب میں' لبیب عباد صدیقی کے چچا ابوطیب صدیقی نے اس خاندان کے حالات' شہید کے بچپن کے حالات' اسلامی جمعیت طلبہ میں شمولیت' جہادی تربیت اور مختلف معرکوں کی تفصیلات بیان کی ہیں' علاوہ ازیں جہاد میں اُن کے ساتھ شریک اور مختلف معرکوں میں دادِ شجاعت دینے والے کمانڈروں اور مجاہدین کے تاثراتی مضامین اور قریبی اعزہ کی تحریریں بھی شامل ہیں۔ اس کتاب میں لبیب عباد شہید کی عزم اور جدوجہد سے بھرپور زندگی کا عکس نظر آتا ہے۔ ضرورت ہے ایسے نوجوانوں کو ''مثالی نوجوان'' قرار دے کر ان کی زندگی کو قومی تاریخ کا حصہ بنایا جائے۔ طباعت و اشاعت انتہائی معیاری اور دیدہ زیب ہے۔ کاغذ عمدہ استعمال کیا گیا ہے۔ قیمت قابل تعریف حد تک کم ہے۔ جہاد' شہادت اور افغانستان جیسے موضوعات سے دل چسپی رکھنے والوں کے لیے یہ ایک قابل قدر تحفہ ہے۔ (محمد ایوب منیر)

© rasailojaraid.com